ایم کیوایم بن قاسم ٹاؤن یونٹ لالہ آباد کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔5/نومبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بن قاسم ٹاؤن یونٹ لالہ آباد کے کارکن عرفان یونس کے چھوٹے بھائی کامران یونس کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔

جدید طرز پر پتھالوجی لیب اور بلڈ بینک کا قیام حق پرست قیادت کا ایک اور بڑا کارنامہ ہے،حق پرست ارکان سندھ اسمبلی

کراچی ۔۔۔5/نومبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال کی جانب سے 4 کروڑ روپے کی لاگت سے عباسی شہید اسپتال میں جدید پتھالوجی لیب اور بلڈ بینک کے قیام کوحق پرست قیادت ایک بڑا کارنامہ قرار دیا ہےاور سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال سمیت پوری حق پرست قیادت کواس مثبت اقدام پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ حق پرست قیادت بلاتفریق رنگ ونسل عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور عباسی شہید اسپتال میں جدید پتھالوجی لیب اور بلڈ بینک کا قیام بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ایک بیان میں حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ عباسی شہید اسپتال میں جدید پتھالوجی لیب اور بلڈ بینک کے قیام سے غریب عوام کو براہ راست فائدہ پہنچے گا اور انہیں علاج ومعالجے میں بہتر سہولیات میسر آئینگی۔انہوں نے کہا کہ عباسی شہید اسپتال میں جدید پتھالوجی لیب اور بلڈ بینک کی سہولت نہ ہونے کے باعث مریضوں کوشدید مشکلات کا سامنا تھا اور انہیں اہم نوعیت کے ٹیسٹ باہر سے کروانے پڑ رہے تھے تاہم سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت کی جانب سے عباسی شہید اسپتال میں پتھالوجی لیب کے قیام سے اسپتال میں زیر علاج مریضوں کواسپتال میں ہی اہم نوعیت کے ٹیسٹ کی مفت سہولت فراہم کردی گئی ہے جس سے مریضوں کو براہ راست فائدہ پہنچے گا ان کے مرض کی بہتر انداز میں تشخیص ہوسکے گی۔انہوں نے کہا کہ یہ لیب اپنی نوعیت کی منفرد لیب ہے جس میں 153 ٹیسٹ کیے جاسکتے ہیں اور پاکستان میں وفاقی وصوبائی سطح پر کسی بھی سرکاری اسپتال کے مقابلے میں یہاں جدید آلات نصب کیے گئے ہیں جبکہ پوری لیب کو کمپیوٹرائزڈ سسٹم کے تحت اسپتال کے تمام شعبوں سے منسلک کردیا گیا ہے جس سے ڈاکٹر زاپنے روم میں بیٹھ کر مرض کو سمجھنے کیلئے رپورٹس کا جائزہ لے سکتے ہیں۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے پتھالوجی لیب اور بلڈ بینک کے قیام کے اقدام کو سراہتے ہوئے حق پرست سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال اور سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کی پوری حق پرست کو مبارکباد پیش کی ہے۔

☆☆☆☆☆